# طریقۂ استعمال

# ▼Zivafert®

انتہائی خالص کردہ انسانی
کوریونک گوناڈوٹروپین[1]

## انجیکشن لگانے کی ہدایات

5000 IU ▼Zivafert کی درست تیاری اور
استعمال کے لیے با تصویر رہنما کتابچہ



Caring Innovation

تیاری کی تاریخ: مارچ 2024 جاب بیگ کوڈ: UKZI00328 اس کتابچہ کو IBSA نے تیار کیا ہے

براہ کرم اپنا پہلا انجیکشن لگانے سے پہلے Zivafert کے آپ کے پیک کے ساتھ فراہم کردہ معلومات برائے مریض کا پرچہ پڑھیں۔

# Zivafert 5000 IU کا استعمال کیسے کریں

**Zivafert 5000 IU** ایک زیر جلد انجیکشن ہے (جو آپ کی جلد کے نیچے دیا جاتا ہے)۔

ہر ایک شیشی کو صرف ایک بار تیار کیا جانا چاہیے اور ہر ایک انجیکشن کو خوراک کشید کرنے کے فوراً بعد لگانا چاہیے۔


**مناسب مشورہ اور تربیت کے بعد آپ کی نگہداشت صحت کا پیشہ ور آپ سے خود کو Zivafert 5000 IU کا انجیکشن لگانے کو کہہ سکتا ہے۔**

**قبل اس کے کہ آپ پہلی بار خود کو انجیکشن لگائیں، آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور پر لازم ہے کہ:**

- انہوں نے آپ کو خود سے انجیکشن لگانے کے لیے انجیکشن کی ممکنہ جگہوں کے بارے میں بتا دیا ہو؛
- انجیکشن کے لیے محلول تیار کرنے کا طریقہ سمجھا دیا ہو؛
- انجیکشن کی درست خوراک تیار کرنے کے طریقہ کی وضاحت کر دی ہو۔

**خود کو Zivafert 5000 IU کا انجیکشن لگانے سے پہلے، مندرجہ ذیل ہدایات کو بغور پڑھیں:**

- پیک پر منسوخی کی تاریخ ملاحظہ کریں اور اگر وہ گزر ہو چکی ہو تو اس پروڈکٹ کو استعمال نہ کریں۔
- براہ کرم نوٹ کر لیں کہ Zivafert کی پہلے سے بھری سرنج 5,000 انٹرنیشنل یونٹس (IU) کی ایک شیشی میں آتی ہے۔
- اگر آپ اپنی مجوّزہ خوراک کے بارے میں پر یقین نہ ہوں تو براہ کرم اپنی نگہداشت صحت کے پیشہ ور سے رجوع کریں۔
- استعمال سے قبل Zivafert کو 25° سیلسیس سے کم درجۂ حرارت میں رکھنا لازمی ہے مگر اس کو منجمد نہیں کیا جانا چاہیے۔




**Zivafert 5000 IU کا ہر ایک سیٹ درج ذیل پر مشتمل ہے:**

- سالوینٹ کی پہلے سے بھری سرنج
- ایک طویل ہری ڈرائنگ اپ سوئی
- ایک چھوٹی خاکستری انجیکشن سوئی
- Zivafert 5000 انٹرنیشنل یونٹس کا ایک امپول – یہ ایک شیشی کے اندر پاؤڈر کی شکل میں ہوتا ہے

*آپ کو نکیلی اشیاء کے ایک کوڑے دان اور ڈھکن کی بھی ضرورت ہوگی*

# Zivafert PFS کیا ہے:

Zivafert PFS انسانی کوریونک گوناڈوٹروپین پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ خالص کردہ انسانی پیشاب سے حاصل کردہ ایک ہارمون ہوتا ہے جس کا تعلق 'گوناڈوٹروپین' فیملی سے ہے جو کہ باز تولید اور فرٹیلٹی میں شامل قدرتی ہارمونز ہیں۔

# Zivafert PFS کا استعمال کس لیے کیا جاتا ہے:

### Zivafert PFS کا استعمال کیا جاتا ہے:

- ایسی خواتین میں متعدد فولیکلز (جن میں سے ہر ایک میں ایک بیضہ ہو) فروغ دینے اور تیار کرنے میں مدد کے لیے جو اسسٹڈ ری پروڈکٹیو ٹیکنالوجیز (ایسی کارروائیاں جو حاملہ ہونے میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں) استعمال کر رہی ہوں جیسے 'ان وائٹرو فرٹیلائزیشن (IVF)۔
- ایسی خواتین میں بیضہ دانی سے کوئی بیضہ ریلیز کرنے (بیضہ ریزی کی تحریک) میں مدد کرنے کے لیے جو بیضوں کی افزائش نہیں کر سکتی ہیں ('انوولیشن')، یا وہ خواتین جن میں بیضوں کی افزائش بہت کم ہوتی ہے ('اولیگو-اوولیشن')۔

# Zivafert کا انجیکشن گھر پر لگانے کا طریقہ

## 1. استعمال سے قبل



ایک صاف ستھری سطح کو تیار کریں اور اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے دھوئیں۔

## 2. انجیکشن تیار کرنا

**کسی بھی مرحلہ میں سفید کالر نہ ہٹایا جائے یہ بات اہم ہے۔**





آہستہ سے اوپر کی طرف دھکیل کر Zivafert کی اس شیشی سے رنگین پلاسٹک کا ڈھکن ہٹائیں جسے آپ اس انجیکشن کے لیے استعمال کرنے جا رہے ہیں۔




سالوینٹ پر مشتمل پہلے سے بھری سرنج اور لمبی سبز رنگ کی سوئی لیں۔

سرنج سے ربڑ کا ڈھکن ہٹا دیں اور سبز رنگ کی سوئی کی سیل توڑ کر سرنج میں لگا دیں۔




سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں۔




شیشی کو محفوظ انداز میں پکڑ کر سوئی کو شیشی کے اوپر ربڑ کی پرت کے مرکز میں دھکیلیں اور فوم اور بلبلوں سے احتراز کے لیے دھیرے دھیرے سالوینٹ کا انجیکشن لگائیں۔

*سفید پاؤڈر فوراً گھل جائے گا۔*
*براہ کرم شیشی کو ہلانے سے احتراز کریں۔*




سفید پاؤڈر کے مکمل طور پر گھل جانے کے بعد سرنج کے اندر سبھی مائع کشید کر لیں۔




اب سوئی کا رخ اوپر کی طرف کریں اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آرام سے پلنجر کو پیچھے کھینچیں کہ سوئی میں کوئی مائع بچا نہ ہو۔




سرنج سے ہری سوئی کو الگ کر لیں اور اس کو نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔




خاکستری رنگ کی انجیکشن سوئی کو اس کے پیک سے الگ کرلیں جبکہ سوئی کا حفاظتی ڈھکن اب بھی اپنی جگہ میں ہو اور مضبوطی کے ساتھ اس کو سرنج میں لگائیں۔





سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں۔ سوئی کا رخ اوپر کی طرف رکھتے ہوئے، بہت آہستگی کے ساتھ سرنج پر ہلکی ضرب لگائیں تاکہ ہوا کا کوئی بلبلہ سرنج کے اوپر آ جائے اور سرنج کے پلنجر کو دھیرے دھیرے دھکیلیں یہاں تک کہ ہوا کی کوئی جگہ یا بلبلے باہر نکل جائیں اور مائع کا ایک معمولی قطرہ سوئی کے سرے پر ظاہر ہو جائے۔

اگر آپ کو دوا کی ایک سے زیادہ شیشی تجویز کی گئی ہے تو
سرنج میں پہلے سے موجود محلول کو اگلی شیشی میں منتقل کریں۔

# 3. محلول کا انجیکشن لگانا

آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ور نے آپ کو پہلے ہی بتا دیا ہوگا کہ اپنے جسم میں کس جگہ پر اپنی دوا بذریعہ انجیکشن لینی ہے۔

عمومی جگہیں ران، ناف کے نیچے دیوار شکم کا نچلا حصّہ۔







جلد کو مضبوطی سے چٹکی میں پکڑیں۔

دوسرے ہاتھ سے، سوئی کو ایک ڈارٹ جیسی حرکت میں °45 یا °90 ڈگری کے زاویے پر داخل کریں۔ جلد کے اندر انجیکشن لگائیں۔

راست کسی رگ میں انجیکشن نہ لگائیں۔ پلنجر کو آہستہ آہستہ اور سیدھا دھکیلیں تاکہ محلول کا انجیکشن درست طور پر لگ جائے اور جلد کی نسیجوں کو نقصان نہ پہنچے۔

محلول کی مجوزہ مقدار کا انجیکشن لگانے کے لیے جتنا وقت ضروری ہو لیں۔

سوئی کو سیدھا باہر نکالیں اور انجیکشن کی جگہ کو دبا کر رکھیں۔

اپنی استعمال کی ہوئی تمام سوئیاں، سرنجیں اور انجیکشن کے سامان نوکیلی اشیاء کے کسی کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔



نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کا ڈھکن اس وقت تک بند نہ کریں جب تک کہ آپ نے علاج کا اپنا پورا کورس مکمل نہ کر لیا ہو، اس کے بعد آپ نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کو اپنی کلینک کی ہدایات کے مطابق ٹھکانے لگا دیں۔



# Zivafert 5000 IU

**پاؤڈر اور سالوینٹ انسانی کوریونک**
**گوناڈوٹروپین (hCG) کے محلول کے لیے**

## Zivafert 5000 IU کا استعمال کیسے کریں

**اس گائڈ کا قدم بہ قدم ویڈیو دیکھیں**






▼یہ دوا اضافی نگرانی سے مشروط ہے۔
اس سے نئی حفاظتی معلومات کی فوری شناخت ہو سکے گی۔ آپ ایسے تمام ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر مدد کر سکتی ہیں جو آپ کو ہو سکتے ہیں۔ پیلا کارڈ دیکھیں| دواؤں اور طبی آلات کو محفوظ تر بنانا (mhra.gov.uk) ضمنی اثرات کی اطلاع دینے کے طریقہ کے لیے

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہو جاتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، فارمیسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں ایسے تمام ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے ورقچہ میں مذکور نہیں ہیں۔

آپ ضمنی اثرات کی اطلاع راست طور پر یلو کارڈ اسکیم (Yellow Card Scheme) کے ذریعہ /https://yellowcard.mhra.gov.uk پر بھی کر سکتی ہیں۔

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے کے سلسلہ میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔

IBSA Pharma کو کسی ضمنی اثر یا پروڈکٹ سے متعلق شکایت کی اطلاع دینے کے لیے براہ کرم **IBSA Pharma Ltd** سے **01923233466** پر اور **medicalinformation.uk@ibsagroup.com** پر رابطہ کریں

حوالہ جات

معلومات برائے مریض کا پرچہ
Zivafert 5000 IU: پروڈکٹ کی امتیازی خصوصیات کا خلاصہ